OTTAWA-CARLETON
DISTRICT SCHOOL BOARD

# اپنے بچوں کی تعیم -
# میں حصہ داری نبھائیں

## آپ کیسے اس میں شامل ہوں گے!





# میں اپنے بچوں کو اسکول میں کامیاب بنانے میں کیسے تعاون کر سکتا ہوں؟

اپنے بچوں کو اسکول، گھر، یا آس پاس انکے سیکھنے میں فعال کردار ادا کرکے آپ اپنے بچوں کی صلاحیت کو بروئے کار لانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اسکا مطلب یہ کہ اپنے بچے سے پوچھ کر کہ وہ کیا سیکھ رہا ہے، یا بچہ کے استاذ سے بات کر کے، یا بچے کو دکھا کر کہ وہ اپنے علم کا عملی زندگی میں کیسے استعمال کرنا ہے۔

اچھا ہونا طالب علم کی کامیابی کی کنجی ہے ایک والدین کی حیثیت سے، آپ کے ذریعہ بچوں کی دیکھ بھال، پرورش ، بچوں کو صحت مند، رہنے، اورخوشی خوشی سیھکنے کے لئے تیار رکھنےمیں مدد گار ہوتی ہے۔

## اپنے بچے کی تعلیم میں حصہ داری نبھانے کے کیا فوائد ہیں؟

بچوں کی تعلیم میں استاذ، پرنسپل، معاون اسٹاف، انتظامیہ اورٹرسٹی کے ساتھ ساتھ آپ کا بہت اہم رول ہے۔ جب آپ اس میں شامل ہوتے ہیں تو بچے کو اچھی چیزیں سیکھنے کے لئے حوصلہ افزائی کرتے ہیں، اور اپنے بچے کو اسکا پسندیدہ مستقبل منتخب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ جب والدین بچوں کی تعلیم میں منہمک ہوتے ہیں تو طالب علم اسکول میں بہتر کارگردگی کا مظاہرہ ہیں۔

## میں گھر پر کیا کچھ کر سکتا ہوں؟

جی ہاں تعلیم کی شروعات گھر سے ہوتی ہے۔ دستور العمل طے کیجئے، اس بات کا خیال رکھئے کہ بچے کی نیند پوری ہو، نونہال کو اسکے جذبات پر قابو پانے میں مدد کیجئے، یہ وہ چیزیں ہیں جو اسکول اور باقی زندگی میں کامیابی کا زینہ ہیں۔ آپ مطالعہ کے ذریعہ اپنے بچوں کو پوری زندگی سیکھتے رہنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ عمرکے کسی پڑاو میں، کسی زبان میں مطالعہ کرنا طالب علم کواسکول میں کامیابی کو یقینی بنانے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔



آپ اپنے بچوں سے روز کے معمولات کے بارے میں بات چیت کے ذریعہ، ہوم ورک پورا کرنے کے لیے روزانہ کا ایک معمول طے کرنے میں مدد دے کرکے اسکا تعاون کر سکتے ہیں، اور یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ ہر روز اسکول جانے کے لئے تیار رہے۔ سیکھنے کو آسان بنائیں، بورڈ گیمز کھیلیں، عوامی لائبریری جائیں،موجودہ حالات پر بات کریں!

## بچوں کے ساتھ والدین کے گھلنے ملنے میں کیا چیزیں رخنہ ڈالتی ہیں؟

بہت سے والدین کوآپ ہی کی طرح چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، کام اور اکثرگھریلو ذمہ داریاں کا اکثر اسکول کے اوقات کے ساتھ ٹکراو رہتا ہے کبھی کبھی زبان، نقل وحمل، تہذیب اور مالی مسائل منہمک ہونے سے آپ کو روک سکتے ہیں۔ ہم یہاں آپ کی مدد کے لئے ہیں آپ کے بچے کے پرنسپل، ٹیچر، آپ کی رائے جاننا چاہتے ہیں، تاکہ آپ کو بتا سکیں کہ آپ اپنے بچوں کی تعلیم م میں کیسے شریک ہو سکتے ہیں۔ پہلا قدم یہ ہے کہ آپ اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں، اور معلوم کریں کہ آپ کیسے اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔

## میں اپنے بچہ کی تعلیم میں کیسے حصہ لے سکتا ہوں

چاہے آپ پانچ منٹ دیں، چند گھنٹے، ایک رات، یا ایک مہینہ یا اس سے زیادہ، آپ اپنے بچوں کی تعلیم میں نمایاں فرق پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ کتابچہ کچھ طریقے فراہم کرے گا جو اپنے بچّہ کی تعلیم میں آپ کے شریک ہونے میں معاون ہونگے۔۔ ہم آپ کو پرنسپل،آپ کے اسکول کونسل سے بات کرنے اور دیگر سرپرستوں سے باہمی بات چیت کے لئے حوصلہ افزائی کریں گے، معلوم کیجئے کہ آپ کے اسکول میں کیا ہو رہا ہے تاکہ آپ اس میں شامل ہو سکیں

## مجھے کہاں سے مزید معلومات حاصل ہو سکتی ہے؟

آپ کا اسکول معلومات حاصل کرنے کے لئے سب سے اچھی جگہ ہے آپ OCDSB سے رابطہ کر سکتے ہیں ، اس نمبر پر 613-721-1820 کال کر سکتے ہیں ویب سائٹ www.ocdsb.ca. سے رجوع ہوسکتے ہیں۔

*آپ نے جب اس کتابچہ کا ورق پلٹا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ اپنے بچوں کی تعلیم میں شامل ہوگئے۔*





*سیکھنے کو دلچسپ اور مزیدار بنائیں مثال کے طور پر: رنگ بھرنے والی کتابیں تیار کریں،کچھ کھیل، اور اداکاری کے فن سکھائیں*

# گھر پر مواقع

## اگر آپ کے پاس ہے---

چند
منٹ



- ہر روز اسکول کے لیے تیار رہنے میں .اپنے بچّے کا دستور العمل تیار کرنے میں روزانہ تعاون دیں
- یہ یقینی بائیں کہ آپ کے بچے کے دن کی شروعات ناشتہ سے ہو
- آپ اپنے بچے سے پوچھئے آج، درسگاہ یا کھیل کے میدان میں کیا ہوا
- اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کیجئے، بچے کے استاذ سے ای میل، فون، یا براہ راست رابطہ رکھئے،
- اسکول کی تازہ ہلچل، سرگرمیاں جاننے کے لئےاپنے اسکول، یا اسکول کونسل کی ویب سائٹ سے رجوع ہوں،
- اسکول، اسکول کونسل، اور کلاس روم کے خطوط پڑھئے، پرنٹیڈ کاپی کےلئے اپنے بچوں کا بیگ پیک چیک کیجئے یا اسے پڑھنے کے لئے ویب سائٹ کا رخ کیجئے۔

---

چند
گھنٹے



- کسی بھی زبان میں اپنے بچے کے ساتھ پڑھئے تاکہ اسکو سیکھنے میں مدد ملے
- ہوم ورک کے لئے کوئی خاموش جگہ مہیا کرائیے،عام سوالات کے جوابات دیکر، ہوم ورک مکمل کرنے میں مدد کیجئے، اور اس سے پوچھئے کہ اس نے کیا سیکھا۔
- موجودہ حالات پر اپنے بچے سے بات کیجئے، اورمقامی اخبارات، میگزین پڑھنے کی ترغیب دیجئے۔
- اپنے بچے کی درسگاہ میں بطور رضاکار، یا اسکول کونسل کے کوآرڈی نیٹر کی حیثیت سے اپنی خدمات پیش کر سکتے ہوں تو اس بارے میں غور کیجئے۔

**ایک دن**

- الماری کو صاف کیجئے، کتابیں یا کھلونے اسکول کو عطیہ کیجئے،(پرنسپل کے ساتھ بیٹھ کر فہرست تیار کیجئے کہ کن چیزوں کی ضرورت ہے۔)
- اپنے بچوں کے ساتھ میوزیم کا دورہ کیجئے، یا شہر میں ہونے والے خصوصی پروگرام میں شامل ہوئیے تاکہ آپ کا بچہ ان چیزوں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ سیکھ سکے جو اس نے اسکول میں پڑھی ہیں۔
- عملی تعلیم کے لئے گھر کے باہر کھیلنے، بورڈ گیمز کھیلنے، یا گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹانے کی ترغیب دیجئے۔
- اپنے بچوں کو انٹرنیٹ کے صحیح اور موثر استعمال کی تربیت دیجئے

---

**ماہ میں ایک بار**

- اس بات کا خیال رکھئے کہ آپ کا اسکول، اسکول کونسل یا ٹیچرماہانہ ہونے والے پروگرام کی ماہانہ لسٹ آپ کے گھر تک پہونچواتے ہیں یا نہیں، اور اس رپورٹ کو اپنے دروازہ یا فرج پر چسپاں کریں تا کہ ہر کوئی اسے پڑھ سکے۔
- اسکول کونسل کی میٹنگ کے بارے میں پڑھئے، نئے پروگرام، نئی پہل، یا دیگر موضوعات کے بارے میں بتائیے۔

---

**ماہانہ چند منٹ**

- اسکول کے خصوصی پروگرام کے لئے مواد یادیگر کوئی چیز تیار کرنے میں آپ اپنی خدمات پیش کر سکتے ہوں تو کیجئے۔
- دستاویز، جیسے اسکول کے پروجیکٹس، اسکول کونسل کی اطلاعات کو اپنی زبان میں ترجمہ کرنے کی پیشکش کیجئے، تاکہ اسے سرپرستوں، اور اپنے لوگوں میں تقسیم کیا جا سکے۔
- اسکول، یا اسکول کونسل کے ساتھ مراعات کی درخواست،جیسے وزارت کی طرف سے اسکول کو ملنے والی مراعاتی درخواست کو مکمل کرنے کی پیشکش کریں۔ www.edu.gov.on.ca۔

---

**ایک موسم**

- اسکولی سرگرمیوں کے بعد اسکول یا اسکول کے باہردوسری سرگرمیوں میں بچے کی دلچسپی پیدا کرنے کی کوشش کریں جیسے موسیقی، کھیل، خصوصی دلچسپ پروگرام۔
- ایک کوچ کے طور پر، یا رضاکارانہ طور پر اسکولی ٹیم کے ساتھ کھیلئے،یا ایسی چیزوں کی شروعات کیجئے جس میں آپ کے بچوں کی دلچسپی ہو۔

*سیکھنے کی ترغیب دیں، اپنے بچوں کو نئے خیالات تلاش کرنے کے لئےان کی حوصلہ افزائی کریں۔*



*اسکول میں خاص پروگرام کے لئے رضاکارانہ طور پر کام کریں یا کوئی ہنر بانٹیں*

# آپ کے بچے کے اسکول میں موجود مواقع

## اگرآپ کے پاس ہے---

چند منٹ



- اپنے بچوں کے اسکول ٹیچر کے ساتھ کلاس روم جانے کا وقت نکالئے،اور اپنے بچوں کی کامیابی اور چنوتیوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے۔
- اپنے بچوں کے اسکول کے پرنسپل، دفتر کے اسٹاف سے دعا سلام کیجئے
- اسکول کونسل کے صدر سے رابطہ کیجئے،اور کوشش کیجئے کہ ان سے کیسے ملاقات ہوسکتی ہے۔
- اپنے اسکول کے اطلاع عام پڑھئے
- معلوم کیجئے کہ آپ کے اسکول میں سرپرستوں کے لئے کیا گنجائش ہے،اور اسکا فائدہ اٹھائے۔

---

چند گھنٹے



- اسکول میں ہونے والے (ٹیچر نائٹ میٹنگ) میں شرکت کیجئے، اور اساتذہ، اسکول انتظامیہ کے اراکین سے ملنے کا وقت لیجئے۔
- سرپرست، ٹیچر انٹرویو میں شرکت کیجئے، اوربچوں کے پروگرامس، اورآنے والے کورس کے بارے میں بات چیت کریں
- اسکول کے اجلاس، اسکول کونسل کی میٹنگوں، خصوصی پروگرام میں شرکت کریں، کیونکہ وہاں آپ کی مدد درکار ہوتی ہے اور ہمیشہ آپ کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔
- اسکول کے دوسرے سرپرستوں سے جان پہچان رکھیں، ان کے رابطہ میں رہیں۔

### ایک دن

- غور کریں کہ آپ اسکول کی رضاکارانہ طور پر کیا خدمت کر سکتے ہیں، جیسے بچوں کو پڑھانے، سیروسیاحت پر لے جانے، خصوصی پروگرام، چھٹیوں کے موقع پر یا کرافٹس تیار کرنے میں مدد کرنے، لائبریری کی بہتری، یا کسی انتظامی امور کی ذمہ داری انجام دیکر۔
- کوشش کریں کہ اگر آپ مہمان مقرر کے طور پر، اثالیق، یا اتالیق کے طور پر اپنی خدمات پیش کر سکیں۔ آپ کی مدد کو سراہا جائے گا۔

### ماہ میں ایک بار

- اپنے اسکول میں ہونے والی کونسل کی میٹنگ میں شرکت کریں(جوعام طور پر مہینے میں ایک بار شام میں ہوتی ہے)
- اسکول کونسل کے رضاکارانہ رکن بنئے، یا خصوصی پروجیکٹ میں جیسے تقریب کی پلاننگ، جس میں آپ کی صلاحیت کا استعمال ہو سکتا ہو ، مدد کیجئے۔

### ماہانہ چند منٹ

- آپ اپنے بچوں کے اسکول میں ہونے والے خاص پروگرام میں شرکت کریں، جیسے سرپرستوں کے ورکشاپ، یا بچوں کے دیگر پروگرام میں، آپ کی شرکت موقع کو خاص بناتی ہے۔
- رضاکارانہ طور پر اسکول کے سماجی پروگرام، یا چند اکٹھا کرنے میں مدد کریں۔
- اسکول کونسل میٹنگ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور دوسرے سرپرستوں کو بھی اس میں شرکت کے لئے راغب کریں
- کوشش کریں کہ آپ اپنے اسکول، یا اسکول کونسل کے ساتھ مل کر نئے خادانوں کے لئے خوش آمدید بک تیار کریں۔
- اسکول کونسل کی ویب سائٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لئے پیش رفت کریں

### ایک موسم

- پتہ کریں کریں کہ کیا آپ اپنے اسکول کی ٹیم یا کلب کو ٹریننگ دے سکتے ہیں۔
- پتہ کریں کہ کیا آپ دوپہر کے کھانے کے اوقات میں بچوں کو خصوصی مہارت کی ٹریننگ دے سکتے ہیں۔

*پتہ کریں کہ اسکول میں رضاکارانہ طور پر کام کرنے کے لئے کون کون سے مواقع ہیں جس کام میں آپ مہارت رکھتے ہوں ان میں سے ایک کام اپنے ذمہ لیں۔*



*OCDSB کے پیرنٹنگ اینڈ فیملی لٹریسی کے آٹھ مراکز میں سے کسی ایک پر کمیونٹی ارکان کے ساتھ باہم بات چیت کریں*

# آپ کی کمیونٹی میں مواقع

## اگر آپ کے پاس ہے۔۔۔

چند منٹ



- آپ اپنے بچوں کو کمیونٹی اور اسکول لیکر جائیں۔
- اگر دستیاب ہو تواپنے پڑوسی اسوسی ایشن کی ویب سائٹ دیکھیں
- پتہ کریں کہ آپ کے پڑوس میں کیا ہو رہا ہے،کمیونٹی اخبار کا مطالعہ کریں

---

چند گھنٹے



- پتہ کریں کہ اگر آپ رضاکارانہ طور پر اپنے اسکول کے نیوز لیٹر، پمفلیٹ تقسیم کر سکتے ہوں
- رضاکارانہ طور پر مقامی تاجر یا تنظیم سے بات کریں جو آپ کے بچوں کی اسکول کی سرگرمیوں میں مدد کرسکیں یا مہمان مقرر کا انتظام کریں۔
- مقامی پبلک لائبریری کا دورہ کریں

### ایک دن

- پتہ کریں کہ آپ کا اسکول کوئی ایسی میٹنگ منعقد کرتا ہے جس میں بچوں کے سرپرست آسکتے ہوں اور کسی درکار مدد کی پیشکش کر سکتے ہوں۔
- اپنے اسکول، یا اسکول کونسل کی صلاح و مشورہ سے خاص پروگرام کا دعوت نامہ مقامی اسکول یا کمیونٹی میں پہنچائیں۔
- مقامی لوگوں سے رابطہ کریں، کمیونٹی ارکان، اور اسکول کے ساتھ مل کر کام کرنے کا موقع تلاش کریں۔
- مقامی پروگرام میں شرکت اور رضاکارانہ طور پرکام کرنے کے لئے بچوں کو راغب کریں

---

### ماہ میں ایک بار

- میٹنگ میں شرکت کے لئے دوسرے لوگوں کو ٹرانسپورٹ مہیا کرانے کی پیشکش کریں
- کارپول کا انتظام کریں
- اوٹاوا کارلٹین اسمبلی آف اسکول (OCASC) کی دیگر کونسل کی میٹنگ میں شرکت کریں، اور پتہ کریں کہ دوسرے اسکول سرپرستوں کی شراکت بڑھانے کے لئے کیا کر رہے ہیں۔ www.ocaasc.ca
- مقامی اخبار میں اپنے اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں لکھیں۔

---

### ماہانہ چند منٹ


- اسکول بورڈ یا کمیٹی کی میٹنگ میں شرکت کریں جو OCDSB، 133 گرین بینک روڈ پر ہوتی ہے۔
- جو سرپرست علاقے میں نئے آئے ہیں، ان کے اسکول دورہ کے لئے اسکول یا اسکول کونسل سے بات کریں۔
- اسکول، یا اسکول کونسل کے ساتھ مل کر اسکول احاطے میں شجرکاری، یا اوٹاوا گریننگ پروجیکٹ کے لئے عطیہ کی درخواست پورا کرنے کی پیشکش کریں - www.ottawa.ca۔
- معاشرتی تنظیم کے ساتھ مل کر خاص پروگرام کا اہتمام کریں

---

### ایک موسم

- مقامی ٹیم یا کلب کو کوچنگ دیں
- اپنے اسکول کو ہرا بھرا رکھنے کے لئے شجر کاری، باغ بانی میں حصہ لیں، اسکول میں کھیل کا سامان صحیح سلامت رکھنے میں (متعلقہ شعبہ کے ساتھ مل کر) تعاون دیں

*طلبا کو کم سے کم 40 گھنٹے سماجی خدمت کے کاموں میں گزارنے چاہئیں ۔ جب آپ کمیونٹی سروس کے لئے جا رہے ہوں تو بچے کو ساتھ لے جائیں اس سے اسے ترغیب ملے گی۔*






# اپنے بچوں سے کس طرح بات کریں

بچوں کو سکھانے کے لئے انکے اسکول کے بارے میں بات کرنا والدین کے لیے ایک بہت آسان طریقہ ہے۔ بہت سے سرپرست سیدھا سوال کرتے ہیں 'اسکول کیسا تھا'؟ لیکن بہت سے بچوں کے لئے اس عام فہم سوال کا جواب دینا بہت مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔ سرپرست بچوں کو اسکول دنوں کے بارے میں مزید جانکاریاں بانٹنے میں مدد کر سکتے ہیں

- اپنے بچوں کی اسکولی زندگی کے بارے میں جانکاری رکھئے اپنے بچوں کے اسکولی تجربات کے بارے میں آپ جومزید جانکاریاں رکھتے ہیں، جیسے مخصوص لوگوں، خاص پروگرام، جسکے بارے میں اہم سوالات ہوسکتے ہیں؛
- جب آپ اپنے بچوں کی درسگاہ جائیں تو ایسی نئی باتوں کو زیر غور لائیں جس کے بارے میں بعد میں اس سے بات چیت کر سکتے ہیں۔
- معلم طالب علموں سے بات کرنے کے لیے عام طور پرمتفکرانہ سوالات کرتے ہیں۔ آپ بھی وہی طریقہ گھر پر اپنا سکتے ہیں متفکرانہ سوالات صرف 'ہاں' یا 'نہ' میں جوابات دینے کی گنجائش کم کرتا ہے، اور اس سے آپ اپنے بچے کے ساتھ بات چیت شروع کر سکتے ہیں؛
- اگر کسی 'کار' کی طرح آپ آمنے سامنے بات نہ کریں تو کچھ بچے زیادہ اطمینان محسوس کرتے ہیں اس طرح آپ کا بچہ دباو محسوس نہیں کرے گا:
- بچوں سے بات چیت کی شروعات اپنے دن کی مثال دے کر کیجئے

چند سولات کے نمونے پیش ہیں:

- آج آرٹ کی کلاس کیسی رہی ا؟
- اسکے بارے میں مجھے اور بتاو۔۔۔۔۔۔
- تمہارا سائنسی تجربہ کیسا ثابت ہوا؟
- تمہارے دن کا کون سا حصہ بہتر رہا، جس نے تمہیں سیکھنے میں مدد کی؟
- آج لائبریری میں تم نے کوئی نئی کتاب پڑھی؟
- کیا دلچسپ تھا؟
- آج اسکول کی بس میں تمھارے برابر والی سیٹ پر کون بیٹھا تھا؟






# اپنے بچوں کے ٹیچرسے کیسے بات کرنی ہے؟

سرپرست اور معلم کے بیچ بہتر تعلقات طالب علم کے پڑھنے کے لئے، گھر اور اسکول دونوں جگہ سازگارماحول پیدا کرتا ہے۔ معلم اور سرپرست کی صاف گوئی بہتر تعلقات بنائے رکھنے میں اہم رول ادا کرتی ہے سرپرست بچوں کے ٹیچر کے ساتھ ان چیزوں کے ذریعہ خوشگوار تعلقات بنا سکتے ہیں:

- بچوں کے اساتذہ کے ساتھ عزت سے پیش آئیں، پریشانیوں کے حل کرنے میں تعاون دیں، بجائے اس کے کہ معلم کے ساتھ جھگڑا کر لیں، اس سے تعلقات پر منفی اثر پڑتا ہے۔
- ٹیچر سے بات چیت کے لئے مناسب موقع تلاش کریں کبھی ہوسکتا ہے جو آپ کے لئے مناسب ہو وہ ٹیچر کے لئے مناسب نہ ہو، معلوم کیجئے کہ اساتذہ، فون پر، ای میل کے ذریعہ یا آمنے سامنے ، کس طرح بات چیت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں؛
- سوالات کی ایک فہرست تیار کیجئے،اور اسکے حل کے لئے مخصوص مثالیں، یا مخصوص حکمت عملی تیار رکھئے تاکہ معاملے کا فوری حل نکال لیا جائے:
- اورٹیچروں سے درخواست کیجئے کی وہ اسکول اور گھر میں بہتر تعلقات قائم کرنے میں کیا مدد کر سکتے ہیں۔

## سوالات کے نمونے

- اپنے بچے کے ہوم ورک مکمل کرنے میں، میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟ کیا وسائل میسر ہیں؟
- کیا EQAO testing کے بارے میں مجھے جاننے کی ضرورت ہے؟
- میں اپنے بچے کے کورس کے انتخاب میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟
- میں اپنے بچے کو احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچانے میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟
- خصوصی تعلیم میں معاون چیزوں کے بارے میں کہاں سے جانکاری مل سکتی ہے؟

## مخصوص ایام

اسکول کا سالانہ کیلنڈر، **http://goo.gl/NmSlfj**

## اس سال کے پروگرام میں میری شمولیت کا منصوبہ یہ ہے:

نوٹس:

# اضافی طریقے

مندرجہ ذیل طریقے آپ کوتعلیمی نظام کے بارے میں جاننے میں معاون ہو سکتے ہیں، اس میں آپ کا رول، اوردوسرے سرپرستوں سے روابط کے طریقے: دوسرے ذرائع مندرجہ ذیل ہیں جس میں مقامی تنظیمیں اورسروسز بھی شامل ہیں جس سے مزید رہنمائی اور مدد ملے گی۔

**OCDSB سرپرست کا صفحہ:** http://goo.gl/vXfKRE
**وزارت تعلیم:** http://www.edu.gov.on.ca/
**OCASC:** http://www.ocasc.ca
**عوام الناس کے لئے تعلیم:** http://www.peopleforeducation.ca/
**دماغی صحت کی جانکاری کے لئے:** http://goo.gl/0d4kEI
**OCISCO:** http://ociso.org
**اوٹاوا کمیونٹی ہاوسنگ:** http://www.och.ca/
**اوٹاوا لوکل امیگریشن پارٹنرشپ (OLIP):** http://www.olip-plio.ca
**اوٹاوا پبلک ہیلتھ:** http://ottawa.ca/en/residents/public-health
**اوٹآوا پبلک لائبریری:** http://biblioottawalibrary.ca

**یہاں دیگر ذرائع بھی؟ ہیں یہ جانکاری دوسرے سرپرستوں کے ساتھ بھی بانٹیں، اسے قلم بند کریں!**

# آپ اپنے رابطہ کا پتہ یہاں

لکھیں:

اسکول کا فون نمبر: ______________________________

پرنسپل کا نام: ______________________________

وائس پرنسپل کا نام: ______________________________

معلم کا نام: ______________________________

تعلیمی معاون کا نام: ______________________________

لائبریرئن کا نام: ______________________________

ملٹی کلچرل لائزننگ افسر (MLO) کا نام: ______________________________

اسکول کونسل کے صدر کا نام: ______________________________

حاضری بنانے والے کا نام: ______________________________

حاضری لنک ای ایل: ______________________________

دیگر: ______________________________

# سرپرست ہونے کے ناطے اپنے بچوں کی تعلیم میں آپ کیسے نمایاں فرق پیدا کر سکتے ہیں؟

اپنے بچوں کی تعلیم میں شریک ہوکر اپنی کمیونٹی کے دیگر اداروں سے کیسے اہم رابطہ قائم کر سکتے ہیں؟ سب سے اہ بات یہ ہے کہ آپ اپنے بچوں کو اچھی چیزیں سیکھنے کی ترغیب دے سکتے ہیں جس سے اس میں خود اعتمادی پیدا ہوگی جو کامیابی کے لئے ضروری ہے۔ آپ مختلف طرح سے حصہ داری نبھا سکتے ہیں اس چیز کو منتخب کیجئے جو آپ کو مناسب لگے



اس کتابچہ کو اوٹاوا ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ پیرینٹ انولومینٹ کمیٹی نے تیار کیا ، اور اس کے لئے فنڈ مہیا کرایا اونٹاریو خطے کی وزارت تعلیم، پیرینٹس ریچنگ آوٹ *(PRO)* گرانٹ نے۔ یہ کتابچہ، فرینچ، عربی،منڈارین، اردو، اسپینش، فارسی اور صومالی زبان میں دستیاب ہے۔


اسے کمیونی کیشن انفارمیشن نے جون
2014 میں پیرینٹس انولومنٹ سروسز کمیٹی، کے اشتراک



اوٹاوا • Ottawa, ON K2H 6L3 گرین بینک روڈ 133 فون نمبر:
فیکس: 613-820-6968 • ویب سائٹ: www.ocdsb.ca